ہند-ازبکستان دفتر خارجہ کے مذاکرات

23مارچ، 2017

(آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان اور ازبکستان کے درمیان دفتر خارجہ کے 13ویں مرحلے کے مذاکرات 23 مارچ، 2017 کونئی دہلی میں منعقد کئے گئے۔ ہندوستان کی جانب سے سیکریٹری (مشرق) محترمہ پریتی سرن اور ازبکستان کی جانب سے نائب وزیر خارجہ (مغرب) جناب ڈلیور خاکمونے قیادت کی تھی۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے ہندوستان اورازبکستان کے درمیان اعلی سطحی سیاسی تبادلہ خیال، دفاعی تعاون، تجارت اور معاشی تعلقات، ترقیاتی تعاون، روابط، ثقافتی اورقونصل معاملات کے ساتھ سفارتی تعلقات کے قیام کی 25ویں سالگرہ منانے کے لئے کی منصوبہ بندی سمیت مسائل کے تمام پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ فریقین نے شنگھائی تعاون تنظیم کی طرح علاقائی گروپوں اور بین الاقوامی اداروں میں اصلاحات اور تعاون کے معاملات پرمشترکہ صورت حال کوتسلیم کرتے ہوئے علاقائی اور عالمی اہمیت کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

اس سے قبل ازبکستان کے نائب وزیر خارجہ نے بھی وزیر مملکت برائے امور خارجہ ایم جے اکبر سے ملاقات کی۔

دفتر خارجہ کی مشاورت کے بعد نائب وزیر خارجہ خاکیموف نے کامرس سیکریٹری سے ملاقات کی۔

جامع بات چیت ایک پرامید ماحول میں ہوئی، ہند-ازبکستان شراکت داری کی مضبوط بنیادوں پر زور رہا۔

نئی دہلی

23مارچ، 2017